لیموں کی خاص اور سب سے مہنگی قسم ''فنگر لائم''

فنگر لائم آسٹریلیا کے ساحلی عاقوں کے بارانی جنگلات کے علاوہ دنیا کے دیگر خطوں میں بھی پایا جاتا ہے۔اپنے منفرد ذائقہ اور خاص لذت کی بنیاد پر دنیا بھر میں پسند کیے جانے والے لیموں کی خاص قسم ''فنگر لائم'' کی قیمت 30 تا 45 ہزار روپے فی کلو تک ہوتی ہے۔فرانس کے نشریاتی ادارہ کی رپورٹ کے مطابق فلگر لائم میں موتیوں کی مانند چھوٹے چھوٹے دانے ہوتے ہیں جو دنیا بھر میں مہنگے ریستوران متعدد کھانوں میں استعمال کرتے ہیں۔رپورٹ کے مطابق اس پھل کا ذائقہ کٹھا میٹھا اور عام لیموں سے بالکل مختلف ہوتا ہے۔پھل کا گودا موٹے دانوں پر مشتمل ہوتا ہے جو متعدد ڈشز کی گارنش کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔فنگر لائم کی بڑھتی ہوئی بین الاقوامی طلب کے نتیجہ میں فرانس اور کیلیفورنیا میں بھی اس کی افزائش کی جارہی ہے۔

انتہائی نایاب قسم کے لیموں کی قیمت 200 تا 300 ڈالر فی کلو ہے جو پاکستانی روپے میں 30 تا 45 ہزار روپے فی کلو بنتی ہے۔فرانس سمیت دنیا بھر کے مہنگے ریستورانوں اور امیر افراد کے پسندیدہ فنگر لائم کی طلب میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے۔ جس سے اس کی قیمت میں بھی اضافے کا رجحان ہے۔جس کے پیش نظر اس کی افزائش میں بھی گزشتہ چند سال کے دوران نمایاں اضافہ ہورہا ہے۔فنگر لائم کا خشک چھلکا بھی کئی کھانوں اور مشروبات میں خاص قسم کی خوشبو کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔